اللہ تعالی حمید ہیں

یقیناً اللہ تعالی قابلِ تعریف ہیں . . .

وہ اپنی ذات میں، اپنے اعمال میں، اخلاق میں، اور اقوال میں قابلِ تعریف ہیں۔ اس جہاں میں اللہ تعالی کے علاوہ کوئی اور قابلِ ستائش نہیں ہے، لہذا ساری حمد و ثناء اور تعریفیں صرف اسی اللہ تعالی کی پاک ذات کے لئے ہے۔

&"الحمید&" اللہ تعالی اپنی ذات میں، اپنے اسماء و صفات میں قابلِ تعریف ہیں۔ اس کے لئے اچھے اچھے نام ہیں، اور اس کے لئے باکمال صفات ہیں، اور اس کے خوبصورت کارنامے ہیں۔ اللہ تعالی کے سارے اعمال انصاف اور کرم پر مبنی ہیں۔

اے اللہ تیرے لئے ہی ساری تعریفیں ہیں کہ تو نے ہمارے پاس اپنی کتاب بھیجی، ہمیں اپنی عزت و عظمت سے آگاہ رکھا، اور ہمارے لئے اپنے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا۔

یقیناً اللہ تعالی قابلِ تعریف ہیں۔ . .